حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ملفوظات حکیم الامت

اِدارۂ تالیفاتِ اَشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240

بسلسلہ

ملفوظات حکیم الامت

جلد ۱۵

حکیم الامت مجدد الملت

حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ

مجموعہ

ملفوظات اطہر

جمع فرمودہ: حضرت مولانا اطہر علی سلہٹی رحمہ اللہ

مزید المجید

جمع فرمودہ: حضرت مولانا عبد المجید بچھراونی رحمہ اللہ

فیوض الرحمن

جمع فرمودہ: حضرت مولانا فیوض الرحمن رحمہ اللہ

خیر الافادات

جمع فرمودہ: حضرت مولانا خیر محمد صاحب رحمہ اللہ

عنوانات

حضرت صوفی محمد اقبال قریشی مدظلہ

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ

چوک فوارہ ملتان پاکستان

(061-4540513-4519240

تاریخ اشاعت................ ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ
ناشر........................ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان
طباعت..................سلامت اقبال پریس ملتان

انتباہ

قارئین سے گذارش

ادارہ کی حتی الامکان کوشش ہوتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمد للہ اس کام کیلئے ادارہ میں علماء کی ایک جماعت موجود رہتی ہے۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تا کہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاکم اللہ

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ....چوک فوارہ....ملتان	مکتبہ رشیدیہ........راجہ بازار........راولپنڈی
ادارہ اسلامیات.........انارکلی........لاہور	یونیورسٹی بک ایجنسی....خیبر بازار........پشاور
مکتبہ سید احمد شہید........اردو بازار......لاہور	ادارۃ الانور.........نیو ٹاؤن.......کراچی نمبر 5
مکتبہ رحمانیہ........اردو بازار .... لاہور	مکتبہ المنظور الاسلامیہ....جامعہ حسینیہ....علی پور
مکتبہ المنظور الاسلامیہ...........بلاک نمبر ٹیڈ.......مدینہ ٹاؤن.......بنگ موڑ........فیصل آباد	

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K (ISLAMIC BOOKS CENTERE
119-121- HALLIWELL ROAD BOLTON BLI 3NE. (U.K.)

خیر الافادات

جمع فرمودہ:

عارف باللہ حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھری رحمہ اللہ

حُبِّ زوج کیلئے ایک عمل

ملفوظ ۱۰۶۔ فرمایا حُب زوج کیلئے یہ عمل ہے کہ بعد العشاء یَاوَدُوْدُ گیارہ سو مرتبہ اور اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف اور بعد میں گیارہ عدد سیاہ مرچ پر دم کر کے تیز آگ میں ڈالدے۔

دینی غیرت

ملفوظ ۱۰۷۔ فرمایا میری احتیاط کی بنا تقویٰ وطہارت نہیں بلکہ دینی غیرت ہے۔ خواہ لوگ مجھ سے ناراض ہو جائیں مگر دین کی ذلت کا سبب کبھی نہیں بنا۔

حدود میں دو گناہ

ملفوظ ۱۰۸۔ فرمایا حدود میں دو گناہ ہیں ایک خلاف حکم۔ دوسرا عدم اظہار ندامت ومعذرت (تمرد سرکش ہونا) حد پہلے گناہ کیلئے کفارہ ہے۔ دوسرے کے کفارہ کیلئے توبہ ومعذرت کی ضرورت ہے۔

شیخ کو خلوت کی ضرورت

ملفوظ ۱۰۹۔ فرمایا شیخ کو تقویٰ کے ساتھ خلوت کی بھی ضرورت ہے۔ وتبتل الیه تبتیلا (اور سب سے قطع کر کے اپنی طرف متوجہ رہو)

اپنے شیخ کو سب سے افضل نہ جاننا چاہئے

ملفوظ ۱۱۰۔ فرمایا شیخ کو سب سے افضل سمجھنا جائز نہیں البتہ انفع سمجھنا ضروری ہے (یعنی یہ سمجھے کہ زندہ مشائخ میں سب سے زیادہ نفع اور فیض مجھے اپنے شیخ سے ہی حاصل ہو سکتا ہے)

ادب کی برکت

ملفوظ ۱۱۱۔ فرمایا ایک شخص جاری پانی پر بیٹھا ہوا وضو کر رہا تھا۔ اسے معلوم ہوا کہ بائیں طرف امام احمد بن حنبلؒ وضو کر رہے ہیں اور میرا غسالہ (استعمال شدہ پانی) ان کی طرف جا رہا ہے یہ تو ان کی بے ادبی ہے۔ ادب کی خاطر دائیں طرف سے اٹھ کر امام صاحبؒ کی بائیں